علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: فقہ المالیات (2962) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیےاور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1-4)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔ ایام جاہلیت میں مکہ مکرمہ کی معاشی حالت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ اسلامی نظام معیشت کے مقاصد تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اسلامی اور اشتراکی نظام معیشت کی فکری بنیادوں پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ بیع کی تعریف، مال اور مبیع کا مفہوم، بیع کا رکن نیز بیع کی شرائط انعقاد تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ انفرادی ملکیت اور اسلامی نقطہ نظر پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔ خیار عیب کے احکام تحریر کریں۔ 20

سوال نمبر 2۔ مضاربت کا مفہوم اور اس کا جواز بیان کرنے کے بعد مضاربت مطلقہ اور مضاربت مقیدہ پر نوٹ لکھیں۔ 20

سوال نمبر 3۔ بیع سلم کی شرائط قلمبند کریں۔ 20

سوال نمبر 4۔ اجارہ میں منافع اور اجرت کا معلوم ہونا، مدت، عمل، تعین اور اشارے کے ذریعے منافع کا تعین، گھروں اور دکانوں کو کرائے پر لینے کے احکام تحریر کریں۔ 20

سوال نمبر 5۔ کرنسی کی خرید و فروخت میں ہم جنس کرنسی میں برابری اور اختلاف کی صورت میں کمی بیشی، بیع صرف میں عوضین پر قبضہ نیز سونے چاندی کی تخمینی بنیادوں پر خرید و فروخت کے احکام بیان کریں۔ 20